www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com



جواب: آدمی سارے بال رکھ لے یا سارے مونڈ دے، یہی سنت طریقہ ہے۔ ارشادِ نبویؐ ہے: «احلقوا كله أو ذروا كله» (فتح الباری بحوالہ ابوداود، نسائی: ۱۰/۳۶۵)

## سر منڈوانا مستحب ہے یا مکروہ؟

❁ **سوال:** بعض لوگ سر منڈوانے کو خارجیوں کی علامت کہتے ہیں۔ اس بارے میں قرآن وحدیث سے کیا ثابت ہے؟

جواب: سر منڈوانا چند احادیث سے ثابت ہے، لہٰذا جواز میں کوئی کلام نہیں، البتہ بہتر یہ ہے کہ بالوں کو رکھا جائے لیکن خوارج نے چونکہ بطورِ نشانی اس علامت کو قائم رکھا جو قابل مذمت ہے۔

## نمازِ فجر کے بعد سونا؟

❁ **سوال:** ''صبح کے وقت میں اُمت کے لئے برکت رکھ دی گئی ہے لہٰذا نمازِ فجر کے بعد سونا نہیں چاہئے۔ جو سو جائے گا وہ برکت (روزی) سے محروم کردیا جائے گا۔'' کیا یہ مسئلہ حدیث سے ثابت ہے؟

جواب: دن کا پہلا حصہ بلا شبہ جملہ کاروبار کے لئے باعثِ برکت ہے جس طرح کہ ترمذی، ابوداؤد اور دارمی کی روایت میں تصریح موجود ہے، لیکن اس کا معنی یہ نہیں کہ نمازِ فجر کے بعد سونا منع ہے۔ ممانعت کی کوئی روایت ثابت نہیں اور نہ یہ کہ روزی سے برکت اُٹھ جاتی ہے، بہرحال نمازِ فجر کے بعد سونے سے احتراز کرنا چاہئے۔

## نمازِ جمعہ کے بجائے نمازِ ظہر پڑھنا؟

❁ **سوال:** 'مسجد الفرقان اہلحدیث' میں نمازِ جمعہ سوا ایک بجے ادا کی جاتی ہے۔ اس وقت شدید بارش ہو رہی تھی جس کی وجہ سے میں نمازِ جمعہ میں شریک نہ ہوسکا۔ ڈاکٹر مسعود الدین عثمانی کے پیروکاروں کی 'مسجد توحید' میں جمعہ کی نماز دو بجے ہوتی ہے۔ بارش تھمنے کے باوجود میں نے مسجد توحید میں دانستہ نمازِ جمعہ اس لئے ادا نہ کی کہ میں نے ان کے بارے میں آپ کا تفصیلی فتویٰ پڑھا تھا، سو میں نے گھر میں نمازِ ظہر پڑھ لی۔ بعد میں خیال گزرا کہ نمازِ جمعہ ترک

© rasailojaraid.com
محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پرمشتمل مفت آن لائن مکتبہ